24/04/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے۔خبروں کا بلیٹن لےکر میں بلال وانی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جا ری نشہ مکت ابھیان کو ایک عوامی تحریک بنانے کی ضرورت پر دیا زو۔

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموںو کشمیر کے سبھی خطوں کی شمولیاتی اور مساوی ترقی کو یقینی بنانے کا دہرایا عزم۔

ESIC*........ مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ کے ہاتھوںاومپورہ بڈگام میں 30بستروں والے اسپتال کا افتتاح۔

اور

*........ وزیر اعظم نریندر مو دی کا 133واں من کی بات پروگرام26اپریل کو۔

Gong نشہ

پہلے نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان سے متعلق چند خبریں۔

LG ریاسی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموںو کشمیر میں جاری100دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کو ایک عوامی تحریک بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

ریاسی میں آج نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ پچھلے12دنوں کے دوران منشیات کے خلاف مہم نے زور پکڑ لیا ہے اور11اپریل سے22اپریل تک متعدد ڈرگ سمگلر گرفتار کئے گئے ہیں۔ نیز3کروڑ روپے مالیت کے منشیات ضبط کی گئی ہے۔

علاوہ ازیں 187ڈرائیونگ لائسنس اور4گاڑیوں کے رجسٹریشن ردکئے گئے ہیں۔

--Byte --

نشہ مہم

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا یہ پیغام

----(DRUGS)--LG-----

کشمیر وی کے بردی نے کہا ہے کہ نشے کی لعنت کا مقابلہ کرنے کےلئے IGPدریں اثنائ پولیس کی طرف سے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

----IGP----

اس دوران جموں کشمیرکے سبھی اضلاع اور علاقوں میں انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے عوام مینمنشیات کے خلاف بیداری پیدا کرنے کے مختلف پروگرام اور سر گرمیاں زور و شور سے جاری ہیں۔

فاروق نشہ

دریں اثناءنیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ منشیات نے جمونو کشمیر میں ایک تشویشناک حالت اختیار کر لی ہے تاہم سماج کے سبھی طبقے مل کر اس بدعت کا قلع قمع کرنے میں اپنا کلیدی رول ادا کر سکتے ہیں۔

در گاہ حضرت بل میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا۔

-----Dr.Farooq-----

پولیس نشہ

پولیس نے وادی کے مختلف علاقوں سے14ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کا فی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

پولیس نے کانیہامہ ماگا م میں اعجاز احمد شیخ نامی ڈرگ سمگلر کی4لاکھ روپے مالیت کی گاڑی ضبط کی ہے۔

پولیس نے گاندربل ضلعے میں منشیات فروشوں کے خلاف اپنی مہم تیز کر دی ہے۔

پولیس نے سوپور میں نشہ مکت ابھیان کے تحت کئی میڈیکل سٹورز کا معینہ کیا۔

پولیس نے سرینگر میں نشہ مکت ابھیان کے تحت منشیات کے خلاف نارکوٹِک ڈاگ سکارڈ کا کام پر لگایا ہے۔

پولیس نے شوپیان میں اس ابھیان کے تحت کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا۔

ابھیان

پولیس نے اننت ناگ میں غیر قانونی طور کی جا رہی نارِٹک کاشتکاری کے خلاف کارروائی جا ر ی رکھتے ہوئے7کنال10مرلہ اراضی پر سے خشخاش کی کاشت کو تباہ کر دیا ۔

ایکٹ کے تحت16ایف آئی آر درج کئے ہیں-NDPS پولیس نے اس سلسلے میں

پولیس نے پلوامہ میں بھی نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں عمل میں لائی ہیں-

وزیر اعلیٰ ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار جموں کشمیر کے سبھی خطوں کی متوازن اور شمولیاتی ترقی کے لئے وعدہ بند ہے ۔ یہ بات انہوں نے آج جموں میں ان سے ملنے آئے ارکانِ قانون سازیہ کے ساتھ بات چیت کے دوران کہی ۔

ایم ایل اے رام نگر سنیل بھاردواج ، ایم ایل اے حبہ کدل شمیم فردوس ، ایم ایل اے بُدھل جاوید اقبال ، ایم ایل اے ککر ناگ ظفر علی کھٹانہ اور ایم ایل اے تھنہ منڈی مظفر اقبال نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ملاقات کے دوران اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات سے انہیں آگاہ کیا ۔ وزیر اعلیٰ نے جائز عوامی مطالبات پورا کرنے کا یقین دلایا ۔

نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ Philip Green اس دوران بھارت میں آسٹریلیا کے سفیر ملاقات کی ۔ انہوں نے زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں شراکتداری کو مزید مستحکم کرنے کے امکانات پر عمر عبداللہ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔ ملاقات کے دوران بھارت آسٹریلیا رشتوں کے وسیع فریم ورک کے اندر جموں کشمیر میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں میں آسٹریلیا کے تکنیکی تعاون پر بھی بات ہوئی ۔

Political Lead اور آسٹریلین ہائی کمیشن کی Orson Passi سیکریٹری Second اس موقعہ پر وَندنا سیٹھ بھی موجود تھیں ۔

عمر ملاقات-2

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ اُن کی سرکار جموں کشمیر کے سبھی خطوں کی متوازن اور جامع ترقی کے لئے پُر عزم ہے -وہ جموں میں کئی عوامی اور تجارتی وفود کے ساتھ بات چیت کے دوران خیالات کا اظہار کررہے تھے-

جموں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ارون گپتا کی سربراہی میں ایک وفد نے ملاقات کے دوران دربار مو کی روایت کو بحال کرنے کا بھی خیر مقدم کیا ۔

منڈاویہ

محنت و روزگار اور کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے آج ضلع بڈگام کے یعنی ایمپلایز سٹیٹ انشورنس کار پوریشن اسپتال ESIC اومپورہ علاقے میں تیس بستروں والے کا افتتاح کیا۔ اس اسپتال کو1ارب65کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا گیا ہے، جسے بعد میں سو بستروں تک بھی وسعت دی جا سکتی ہے ۔

اس شفا خانے سے پچاس ہزار سے زائد ورکر اور ان کے اہل خانہ مستفید ہوں گے ۔

بڈگام آغا سید منتظر مہدی اور MLA ہمارے بڈگام کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس موقعے پر دیگر کئی عہدیدار بھی موجود تھے۔

بعد میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کر تے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا۔

پنچایتی راج

آج پنچایتی راج کا قومی دن ہے۔ ہر سال 24اپریل کو منایاجانے والا یہ دن در اصل بھارت میں دیہی جمہوریت کی بنیاد رکھنے والی73ویں آئینی ترمیم کی یاد گار ہے ،جسے 1993میں نافذ کیا گیا۔

جموں کشمیر میں اس وقت تقریبا4ہزار291پنچایت حلقے ، 285بلاک اور 20ضلع ترقیاتی کونسل موجود ہیں۔

اس دن کی مناسبت سے جموں کشمیر میں پنچایتی راج کے ڈائریکٹر شام لال شرما نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن ہیں۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں 26اپریل کو عوام کے ساتھ مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہا رکریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 133ویں قسط ہوگی ۔

من کی بات پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر دن کے 11بجے بیک وقت نشر کیاجائےگا ۔ہندی نشریے کے فوراً بعد اس کا علاقائی ترجمہ بھی براڈ کاسٹ کیا جائے گا ۔

ٹیکہ کا ری

سے متعلق ہفتہ منایا جا رہا ہے۔ اس کا Immunization دنیا بھر میں آج سے30اپریل تک مقصد مختلف بیماریوں میں انسانی جانوں کے بچاؤمیں کےلئے ٹیکہ کا ری کی اہمیت اُجاگر کرنا ہے۔

اس ہفتے کی اہمیت کے بارے میں ڈائریکٹوریٹ آف فیملی ویلفیر جمونوکشمیر میں سٹیٹ ایمونائزیشن آفیسر ڈاکٹر شاہد حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

-Dr. Shahid Hussain--

ریل

اب ریل خدمات سے متعلق خبر

----Music----

پالیسی کے تحت جموں Trans-shipment نادرن ریلوے کے جموں ڈویژن نے نئی پارسل صوبے میں منتخب سٹیشنوں پر پارسلوں کی ایک ریل گاڑی سے دوسری ریل گاڑی تک منتقلی کی سہولیات دستیاب رکھی ہیں۔

نے کہا ہے کہ Uchit Singhal نادرن ریلوے کے جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر جموں صوبے کے تاجر مستفید ہو رہے ہیں اور اسی بدولت مال کو آسانی کے ساتھ دوسری جگہ پہنچانے میں بھی مدد مل رہی ہے۔

ریلوے کی طرف سے جا ری کئے گئے ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ جمونوکشمیر کی منفرد جغرافیائی حالات اور سرد موسمی صورتحال کو مد نظر رکھتے ہوئے جموں اور سرینگر کے درمیان ایک خاص قسم کی وندے بھارت ریل گاڑی چلائی جائے گی،جو مو سم سرما کے دوران بھی اچھی خاصی رفتار سے چلے گی۔

دریں اثناءریلویز نے یاتریوں کی سہولت کےلئے ریل ون ایپ شروع کی ہے۔

-----V/O-----

سکینہ ایتو

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ آنگن واڑی ورکر اور ہیلپر بہبودِ اطفال کو زمینی سطح پر عملانے میں ریڑھ کی ہڑی کی حیثیت رکھتے ہیں ۔ گورنمنٹ پالی ٹیکنیک کالج جموں میں منعقد ہوئے آٹھویں پوشن پکھواڑہ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی مراکز میں بچوں کو صحت و صفائی کی اہمیت سے روشناس کرایا جانا چاہئے ۔

وزیر موصوفہ نے سرکار کی جانب سے عملائی جا رہی کئی سماجی بہبود سکیموں کا بھی ذکر کیا ۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج ڈوڈہ میں ایک عوامی در بار کے دوران لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوننے لوگوں کو تمام مسائل مقررہ مدت کے اندر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

اشرف گنائی

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر ﷴ اشرف گنائی کو نیشنل اکیڈیمی آف میڈیکل سائنسز کی طرف سے Recognition of Academic Excellence ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے-2026

اس اہم پیش رفت کے بارے میں ڈائریکٹر سکمز نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

انشل گرگ

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران اراضی سے جڑے معاملات کا جائزہ لیا۔

انہوننے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام معاملات اور دردست لئے گئے کاموں کو جلد از جلد مکمل کرے تاکہ عام لوگ مستفید ہو سکے۔

سیاسیGong

*.......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

NC

نیشنل کانفرنس نے الزام عائد کیا ہے کہ جموں کشمیر میں نوجوانوں کی حالتِ زار کے لئے پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی براہِ راست ذمہ دار ہے ۔ پارٹی کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل کانفرنس کی موجودہ سرکار نے گزشتہ ڈیڑھ برس کے دوران عوام کی فلاح و بہبود کی سمت میں کام کیا ہے ۔

الطاف ٹھاکر

بی جے پی جمونوکشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے جمونو کشمیر میں جھیلوں کے تیزی سے ختم ہونے کے معاملے کا نوٹس لینے پر نیشنل گرین ٹریبونل کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک بیان میں

انہوننے الزام لگایا ہے کہ موجودہ حکومت جھیلوں اور آبی پنا ہ گاہوں کو تحفظ دینے میں ناکام ہوئی ہے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموں کشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اس خطے کی سیاحتی وسعت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مرکزی اور یوٹی سرکار کو مناسب اقدامات کرنے چاہئے ۔

ACB

جموں کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے جموں ضلعے کے آر ایس پورہ اور بھلوال علاقوں میں پر کئے گئے قبضے میں ملوث افراد کا پردہ فاش کرتے ہوئے Custodian Landہزاروں کنال اور مال محکموں کے Custodian نے کہا ہے کہ اس میں ACBایک اور کامیابی حاصل کی ہے۔ درج کر کے اس سلسلے میں تحقیقات کا FIR کئی اہلکار بھی ملوث ہیں ۔ قصورواروں کے خلاف آغاز کیا ۔

فلوریکلچر

فلوریکلچر اور پارکس اینڈ گارڈنز محکمے کے کمشنر سیکریٹری زبیر احمد ، جو بانڈی پورہ بھی ہیں نے آج ضلع انتظامیہ کے Mentor ضلع میں نشہ مکت بھارت ابھیان کے ڈسٹرکٹ افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں منشیات مخالف کاروائیوں کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے اس سلسلے میں ضلع انتظامیہ کی جانب سے کی جا رہی کوششوں کی سراہنا کرتے ہوئے بیداری پروگراموں کو وسعت دینے پر زور دیا ۔ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چِب اور ایس ایس پی اعجاز احمد زرگر کے علاوہ دیگر کئی افسران بھی موجود تھے ۔

طلباءSC

مرکزی سرکار نے شیڈول کاسٹ طلباءکو زیور تعلیم سے روشناس کرانے کےلئے پچھلے مالی برس کے دوران اس طبقے سے تعلق رکھنے والے75لاکھ طلباءمیں7ہزار981کروڑ روپے تقسیم کئے۔

یہ جانکاری سماجی انصاف اور ایمپاورمنٹ کے وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے نئی دلی میں دی۔

مودی چناؤ

مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور حتمی مرحلے کےلئے چناؤ مہم عروج پر پہنچ گئی ہے۔ مرحلے کے تحت29اپریل کو142حلقوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

میں ایک چناؤ جلسے سے Panihati سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج خطاب کیا اور پارٹی امید واروں کے حق میں چناؤ مہم چلائی۔

اجلاس

، سول سوسائٹی کی ایگزیکیوٹیو کمیٹی Citizens جموں کشمیر پینشنرس ویلفئیر فیڈریشن سینئر کا ایک اجلاس سرینگر میں منعقد ہوا جس میں فیڈریشن کی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال ہوا ۔
کو فیڈریشن کے سٹیٹ صدر اور غلام محی الدین بٹ کو جنرل Lenin Sampat اجلاس کے دوران سیکریٹری کے بطور منتخب کیا گیا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں اکثر مقامات پر ہلکی بارش سے درمیانہ رجے کی بارش یا گرم چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت28 اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 48 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر10منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔